کتاب ایک اچھی اور ضروری کاوش ہے۔ کہیں کہیں کمپوزنگ کی اغلاط بھی ہیں جن کی اگلے ایڈیشن میں اصلاح ضروری ہے۔ عمدہ کاغذ' معیاری طباعت اور مضبوط جلد پر مشتمل یہ کتاب بطور صدقہ جاریہ شائع کی گئی ہے۔

## (۲)

نام کتاب : رہنمائے زوجین

مصنف : کیپٹن ڈاکٹر غلام سرور

ضخامت: 288 صفحات قیمت: وقف للہ تعالیٰ

ناشر: صغریٰ تاج پبلشرز' C-17 گلفشاں کالونی' جھنگ روڈ' فیصل آباد

کتاب کے مصنف پیشے کے اعتبار سے معالج ہیں مگر ان کا وجود انسانی ہمدردی سے سرشار ہے۔ ان کی خواہش ہے کہ اسلامی معاشرہ محبت والفت اور نصح وخیر خواہی کا مظہر ہو۔ چونکہ انسانی معاشرے کی بنیادی اکائی گھر ہے اس لیے گھر کے تمام افراد کو اپنے اپنے حقوق وفرائض سے آگاہ ہونا ضروری ہے۔ اسی جذبے کے تحت ڈاکٹر صاحب قبل ازیں اول ''ذکر ماں'' اور دوم ''باپ'' کے عنوان سے دو خوبصورت کتابیں شائع کر کے مفت تقسیم کر چکے ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے' میاں بیوی کے باہمی حقوق وفرائض کو واضح کرتی ہے۔ کتاب میں بڑی خوبصورتی کے ساتھ اچھے شوہر کی نمایاں خوبیاں اور اچھی بیوی کے بہترین اوصاف بیان کیے گئے ہیں۔ انبیاء اور اُن کی ازواج خصوصاً رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے حالات تحریر کر کے اچھی اور کامیاب خاندانی زندگی کے لیے راہنما اصول واضح کر دیے گئے ہیں۔ کتاب میں چند عنوانات خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔ مثلاً سلیقہ وآرام کی بعض باتیں' قرآن حکیم اور خواتین' شریعتِ محمدی میں تعددِ ازواج' شریک حیات کے ساتھ تعلقات کی بہتری میں معاون اقدامات' گھریلو مسائل اور ان کا حل' پردہ اور حقوق زوجین' طلاق اور عدت کے ضروری مسائل۔

کتاب کے آخر میں بیٹی کو رخصت کرتے وقت ماں کی نصیحت کے عنوان سے چند سطور تحریر کی گئی ہیں جو لڑکی کے لیے کامیاب ازدواجی زندگی کی ضامن ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے اس کتاب کی تیاری میں بہت سی کتب وجرائد سے استفادہ کیا ہے جن کے جابجا حوالہ جات درج کر دیے ہیں۔ یہ کتاب ہر شادی شدہ جوڑے کے پڑھنے کی چیز ہے۔ چونکہ اس کے مطالعہ سے کئی خاندانوں کی زندگی میں خوشگوار تبدیلی آئے گی اس لیے کتاب کے مصنف کے لیے یقیناً یہ بہترین صدقہ جاریہ ہے اور مزید لائق تحسین بات یہ ہے کہ یہ قیمتی کتاب ضرورت مندوں کو ہدیتاً پیش کی جا رہی ہے۔